SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXI I مجریہ 1974

SINDH ACT NO. XXII OF 1974

زرعی مقاصد کی خاطر لیے جانے والے قرضہ جات کا سندھ ایکٹ، 1974

The Sindh Loans for Agricultural Purposes Act. 1974

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

(Short title and commencement)

2. تعریف

Definition

3. ایکٹ کی قوانین پر سبقت

Act to Override Laws.

4. پاس بک

Pass book.

5. زرعی پیداوار حوالے کرنا

Delivery of Agricultural Produce.

6. قرض کی ادائیگی

Repayment Of Loan

7. وصولی

Recovery.

8. قواعد

Rules.

9. ضمانت

Indemnity

10. سندھ حکم نامہ نمبر xvi مجریہ 1974 کی منسوخی

Repeal Of Sindh Ordinance XVI Of 1974

سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ 1974

The Sindh Loans for Agricultural Purposes Act, 1974

زرعی مقاصد کی خاطر لیے جانے والے قرضہ جات کا سندھ ایکٹ، 1974

[23 نومبر 1974]

سندھ میں زرعی مقاصد کی خاطر کو آپریٹو سوسائٹیز کے میمبرز اور کو آپریٹو بینکوں کو قرضے کی سہولت فراہم کرنے کا ایکٹ

تمہید

جیسا کے تقاضا ہے کہ سندھ میں زرعی مقاصد کی خاطر کو آپریٹو سوسائٹیز کے میمبرز اور کو آپریٹو بینکوں کو قرضہ دینے کی سہولت فراہم کی جائے

لھٰذا اس ایکٹ کو اس طریقے سے بنایا جارہا ہے

مختصر عنوان اور شروعات (Short title and commencement)

1.(1) اس کو سندھ میں زرعی مقاصد کی خاطر لیے جانے والے قرضہ جات ایکٹ 1974 کہا جائے گا

(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا.

تعریف Definition

2. (1) اس ایکٹ کے تناظر کے برعکس نہیں ہے تو ان اصطلاحوں کا مفہوم یہی لیا جائے گا جو اسکے لیے رکھا گیا ہے کہ

(a) "ایڈوانس کا" مطلب ہے اس ایکٹ کے مطابق زرعی مقاصد کے لیے لی جانے والی پیشگی رقم

(b) " بینک کا" مطلب ہے کو آپریٹو بینک

(c) "قرضہ لینے والا "کا مطلب ہے کسی بینک یا سوسائٹی کا وہ حقیقی میمبر جس کی تمام جملہ زمین کا حاصل معاشی حاصلات سے زائد نہ ہو

(d) " گورنمنٹ " کا مطلب ہے سندھ حکومت:

(e) " زمین "کا مطلب ہے وہ زمین جو زرعی مقاصد کی خاطر کام آنے والی ہو یا زراعت کے مقاصد کے لیے مفید ہو

(f) " قرضہ "کا مطلب ہے جو اس ایکٹ کے مطابق زرعی مقاصد کے لیے قرضہ منظور کیا گیا ہو.

(g) " پاس بک "کا مطلب ہے وہ پاس بک جو زرعی مقاصد والے قرضے کے ایکٹ، 1973(Act xlii of 1973);

(h)"نامزد کا مطلب ہے جسے اس ایکٹ کے قواعد میں نامزد کیا گیا ہو۔

(i)"سوسائٹی" کا مطلب ہے کو آپریٹو سوسائٹی۔

(2) کوئی ایسا لفظ جو اس ایکٹ میں تو استعمال ہوا ہو مگر اس کو واضح نہ کیا گیا ہو تو اس کا مفہوم لیا جائے گا جو اس کے متعلق کو آپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، 1925 (سندھ ایکٹ vii مجریہ 1925)

اور مغربی پاکستان کو آپریٹو سوسائٹیز اینڈ کو آپریٹو بینکس (ری پیمنٹ) آف لونس آرڈیننس west Pakistan ordinance xiv of 1966) میں دیا گیا ہے

ایکٹ کی قوانین پر سبقت

Act to Override Laws

3. اس ایکٹ کی دفعات ہر اس قانون پر اثر انداز ہونگی، جو وقتاً فوقتاً نافذ ہوتے رہے ہیں۔

زرعی پیداوار حوالے کرنا

Deliver of Agricultural Produce

5. قرضدار اپنی زمین کو زرعی پیداوار بینک یا سوسائٹی کو دے سکتا ہے چاہے صورتحال جیسی بھی ہو، یا اپنے بااختیار گماشتے کو بھی دے سکتا ہے تاکہ قرض، ایڈوانس یا قسط واپس کی جاسکے

(2) ذیلی دفعہ (1) نیچے دی گئی زرعی پیداوار کھلی مارکیٹ میں فروخت کی جائے گی۔

اور اس سے ملنے والی رقم سے معائدے کے مطابق قرض کی قسط یا دوسرے قرضے یا ایڈوانس دیا جائے گا.

قرض کی ادائیگی

Repayment Of Loan

6. قرضے کی اقساط، قرضہ یا ایڈوانس واپس کرنے والی رقم چاہے وہ نقد ہو یا زرعی پیداوار کی صورت میں ہو قرض کی پاس بک میں داخل کی جائے گی

اور جب قرض یا ایڈوانس کی تمام رقم قرضدار کی طرف سے جمع کرائی جائے گی تو اس ایکٹ کے تحت اس ذمہ داری سے بری الذمہ ہو جائے گا

وصولی

Recovery

7. اگر قرضدار بینک یا سوسائٹی سے کیے گئے معائدے کی شرائط کے مطابق قرضہ یا ایڈوانس کی رقم لوٹانے میں ناکام ہو جاتا ہے تو وہ بینک یا سوسائٹی کسی موجود قانونی چارہ جوئی کے انحراف کئے بغیر کرنے کے کلکٹر یا کو آپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے ایسے افسر کو۔ جسے کو آپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، 1925 (سندھ ایکٹ vii مجریہ 1925) کے تحت کلکٹر کے اختیارات حاصل ہوں، درخواست دے تاکہ قرضدار سے قرض کی وصولی کی جاسکے

قواعد

Rules

8.(1)اس ایکٹ کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے حکومت قواعد بنا کر اپنے گزٹ میں شائع کر سکتی ہے

(2) قرض لینے والا اس کا حقدار ہے کہ اپنی جائیداد پر ایک دفعہ کے لیے کسی بینک یا سوسائٹی کو درخواست دیکر قرضہ یا ایڈوانس لے سکتا ہے

وضاحت؛ اس ایکٹ میں اقتصادی حاصلات کا وہی مقصد ہے، جو 1972 والے زرعی اصلاحات کے ریگیولیشن میں بتایا گیا ہے

(3) قواعد میں گنوائے گئے تناسب میں فرق نہیں ہو گا،

(i)اگر مطلوبہ حد سے زائد قرضدار کی زمین نہ ہونے کا عدم فائدہ ہے

یا اسے مطلوبہ حد سے زائد زمین ہونے کا فائدہ ہے

(ii) اگر قرضدار کو اقتصادی حاصلات سے کم زمین ہونے کا منافع نہیں ہے، یا اس کو اقتصادی

حاصلات سے زائد زمین ہونے کا فائدہ حاصل ہے.

ضمانت
Indemnity

9. اس ایکٹ یا اس کی روشنی میں بنائے گئے قواعد کے تحت نیک نیتی سے لیے گئے اقدام کے لیے کسی کیس کی مقدمے میں پیشی یا قانونی کاروائی نہیں ہو گی

سندھ حکم نامہ نمبر xvi مجریہ 1974 کی منسوخی
Repeal Of Sindh Ordinance XVI Of 1974

10. اس سے سندھ لونس فار ایگریکلچرل پرپز آرڈیننس، 1974 منسوخ کیا گیا.

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔